23مارچ2018ء

اسٹیٹ بینک نے 23مارچ کو اپنے فیس بک پیج کا آغاز کر دیا

بینک دولت پاکستان نے 23مارچ2018ءکو یومِ پاکستان کے خصوصی موقع پر اپنے فیس بک کے آفیشل پیج کا باضابطہ آغاز کر دیا۔اسٹیٹ بینک کا فیس بک پیج اس لنک پر دستیاب ہے:https://www.facebook.com/StateBankPakistan/.

فیس بک پیج کو آزمائشی بنیادوں پر کچھ عرصہ سے چلایا جارہا تھا۔توقع ہے کہ اس کے آغاز سے طالب علم، تعلیمی ماہرین،کاروباری حلقے،صحافی اور مالی تجزیہ کار اس کی جانب متوجہ ہوں گے،اور وہ باضابطہ اعلانات، تقریبات کی تفصیل، پالیسی اعلانات اور ڈیٹا تک رسائی حاصل کر سکیں گے اور اس سے انہیں بینک اور اس کے فرائض کو بہتر انداز میں سمجھنے میں سہولت ملے گی۔

گورنر اسٹیٹ بینک جناب طارق باجوہ نے اپنے پیغام میں اس امید کا اظہار کیا کہ ابلاغ (communication) کے آلات میں ہونے والی بتدریج توسیع سے اسٹیٹ بینک کو ابلاغ کے جدید ذرائع کے ساتھ ہم آہنگ رہنے اور اپنے اسٹیک ہولڈرز سے تبادلہ خیال میں مدد ملے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ اسٹیٹ بینک کی کمیونی کیشنز سے نہ صرف اس کے اسٹیک ہولڈرز میں معلومات کے فرق کو ختم کرنے بلکہ اس کی ساکھ اور پالیسیوں کی سمجھ بوجھ بڑھانے اور غیر یقینی صورت حال کے بہترین انداز میں خاتمے میں مدد ملے گی۔

فالوورز (followers) کے لیے گورنر اسٹیٹ بینک جناب طارق باجوہ کا پہلا خصوصی انٹرویو اسٹیٹ بینک کے فیس بک اور ٹوئٹر کے پیجز (pages) پر 23مارچ2018ء سے دستیاب ہے، جس میں انہوں نے اپنی ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی کی دلچسپ تفصیلات کے ساتھ ساتھ بینک کے مستقبل کے منصوبوں پر بھی اظہارِ خیال کیا ہے۔

ترجمانِ اعلیٰ جناب عابد قمر نے اپنے بیان میں کہا کہ اسٹیٹ بینک ہمیشہ ابلاغ کے جدید ذرائع کے تقاضوں سے ہم آہنگ رہے گا اور فیس بک کا آغاز بھی اسی سمت میں ایک چھوٹا قدم ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اسٹیٹ بینک عالمی سطح پر اپنے حاضرین میں عوامی دلچسپی کے امور پر آگاہی پھیلانے کے علاوہ فیس بک اکاؤنٹ کے ذریعے معاشی مبادیات (fundamentals)،مالی اداروں کے استحکام اور پالیسی اقدامات پر مصدقہ معلومات کی ترسیل بھی کرتا رہے گا۔

یاد رہے کہ اسٹیٹ بینک نے سوشل میڈیا پر اپنے سفر کا آغاز یکم جولائی 2015ء کو اپنے ٹوئٹر اکاؤنٹ کے افتتاح کے ذریعے کیا تھا، جو کہ اس وقت اسٹیٹ بینک کا توثیق شدہ سرکاری اکاؤنٹ ہے۔ یہ پیج StateBank_Pak@ پر دستیاب ہے۔

****